© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

وفاقی وزیر مذہبی امور جناب اعجاز الحق کی دارالعلوم آمد: گزشتہ دنوں وفاقی وزیر برائے مذہبی امور جناب اعجاز الحق صاحب دارالعلوم تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کیساتھ ملک اور عالم اسلام کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ بعدازاں آپ دونوں حضرات نوشہرہ تشریف لے گئے اور وہاں پر قرآن کی بے حرمتی اور مندر کونقصان پہنچانے کے سلسلے میں مختلف حضرات سے ملاقاتیں کی۔ اور اقلیتی فرقے کو انکے مندر کی دوبارہ تعمیر کا وعدہ کیا۔ اس کے بعد نوشہرہ میں دریائے کابل میں طغیانی اور سیلابی پانی آنے کے باعث سیلاب زدگان میں امدادی اشیاء تقسیم کیں۔ اسی طرح مذکورالصدر ہردو حضرات نے حالیہ بلدیاتی انتخابات کے متعلق بھی بات چیت کی۔

مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ کی ملتان روانگی ۳۰/ جون کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے عاملہ اجلاس میں شرکت کے لئے جامعہ کے نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ ملتان تشریف لے گئے۔ طویل ایجنڈے کے باعث وفاق کا یہ اجلاس صبح سے رات گئے تک جاری رہا۔ اجلاس میں سالانہ امتحانات نصاب کمیٹی کی رپورٹ، وفاق کے منع کرنے کے باوجود حکومت کے مختلف اداروں سے امداد لینے والے بعض مدارس اور بعض اہم امور کے سلسلے میں کئی فیصلے کئے گئے۔

دارالعلوم کے ماہانہ جائزہ امتحانات: جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے موقوف علیہ تک تمام درجات کے ماہانہ ٹسٹ کے سلسلے میں ہفتہ کے روز بتاریخ ۱۶/ جولائی مذکورہ درجات کا تحریری امتحان ہوا۔ طلبہ کی کثرت کی وجہ سے تین مختلف مقامات کو امتحانی ہال بنادیا گیا۔

مسلم لیگ کے مرکزی رہنما جناب سلیم سیف اللہ کی دارالعلوم آمد: پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی اہم رہنما جناب سلیم سیف اللہ صاحب گزشتہ دنوں جامعہ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ انہوں نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے ساتھ دوران ملاقات ملکی سیاسی اور بین الاقوامی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور آئندہ بلدیاتی انتخابات کے بارے میں بھی تفصیلی بات چیت کی۔

حضرت شیخ الحدیثؒ کے خاص عقیدت مند جناب احمد صاحب کی وفات: حضرت شیخ الحدیثؒ کے خاص عقیدت منداور شیدائی جناب احمد صاحب المعروف بہ اللہ ولی گزشتہ دنوں حرکت قلب بند ہوجانے کی وجہ سے انتقال کرگئے۔ قارئین الحق سے بھی مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔

© rasailojaraid.com